Cambridge International A Level

**Cambridge Assessment International Education**
Cambridge International Advanced Level

**URDU** **9686/02**

Paper 2 Reading and Writing **May/June 2019**

**1 hour 45 minutes**

INSERT

*1056512064-I*

**READ THESE INSTRUCTIONS FIRST**

This Insert contains the reading passages for use with the Question Paper.

You may annotate this Insert and use the blank spaces for planning.
This Insert is **not** assessed by the Examiner.

**سب سے پہلے مندرجہ ذیل ہدایات پڑھیے**

ان صفحات میں امتحانی پرچے کے ساتھ استعمال کی جانے والی عبارتیں ہیں۔

یہ صفحات اور خالی جگہیں آپ اپنے جوابات کی تیاری کے لیے استعمال کرسکتے ہیں۔
ممتحن ان صفحات کو نہیں جانچیں گے۔

This document consists of **3** printed pages and **1** blank page.

DC (SC/SW) 165611/2
© UCLES 2019

Cambridge Assessment International Education

**[Turn over**

https://xtremepape.rs/

## سیکشن 1

**عبارت 1** کو پڑھیے اور امتحانی پرچے پر **سوالات 1، 2** اور **3** کے جوابات دیں۔

## عبارت 1

آبادی میں اضافے کی اصطلاح عام طور پر ایک ناپسندیدہ بات کے طور پر استعمال کی جاتی ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ زمین پر موجود محدود وسائل کے مقابلے میں انسانی آبادی میں اگر تیزی سے اضافہ ہونے لگے تو یہ بات یقیناً مستقبل کے لیے تشویش کا باعث ہو گی اور یہ بھی ممکن ہے کہ لوگ اپنے آبائی ملک کو چھوڑ کر دوسرے ملکوں کا رخ کرنے پر مجبور ہو جائیں گے۔ اس مسئلے کو اچھی طرح سمجھنے کے لیے آبادی میں اضافے کی وجوہات پر غور کر لینا ضروری ہے۔

سائنسی ترقی آبادی میں اضافے کی شاید سب سے بڑی وجہ ہے۔ جس کی وجہ سے غذائی پیداوار میں اضافہ ہو گیا ہے اور لوگوں میں صحت بخش غذاؤں کا استعمال بھی بڑھتا جا رہا ہے۔ طبی سائنس نے بہت سی ایسی دوائیں اور علاج دریافت کر لیے ہیں جس کی وجہ سے لاکھوں جانیں بچائی جا سکتی ہیں جو پہلے ممکن نہیں تھا۔

آبادی میں اضافے کا پہلا سنگین اثر وسائل کی کمی ہے۔ زمین غذا اور پانی کی ایک محدود مقدار ہی فراہم کر سکتی ہے جو موجودہ ضروریات کو پورا کرنے کے لیے ناکافی ہے۔ پانی کی تقسیم ایک ایسا مسئلہ ہے جس کی وجہ سے مختلف ممالک میں اختلافات بڑھتے جا رہے ہیں اور ممکن ہے کہ مستقبل میں یہ جنگ کا باعث ہو جائے۔ پچھلے پچاس سالوں میں قدرتی جنگلات کو پہنچنے والے نقصانات کی ایک بڑی وجہ بھی آبادی میں اضافہ ہے۔ لوگ اپنی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے جنگلات کو کاٹ رہے ہیں اور جنگلی جانوروں کا شکار کر کے جنگلات کے قدرتی حسن کو نقصان پہنچا رہے ہیں۔ نئی شجر کاری کی طرف لوگوں کا رجحان بھی کم ہوتا جا رہا ہے۔

آلودگی میں اضافے کی ایک وجہ بڑھتی ہوئی آبادی بھی ہے۔ کوئلہ، تیل اور قدرتی گیس کے کثرت استعمال کی وجہ سے ماحول پر سنگین اثرات پڑ رہے ہیں۔ گاڑیوں اور صنعتوں میں اضافے کی وجہ سے فضائی آلودگی بڑھتی جا رہی ہے اور کاربن ڈائی آکسائیڈ کی زیادتی کی وجہ سے ہمیں موسموں کی تبدیلی اور سطح سمندر میں اضافے جیسے مسائل کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔

کسی ملک کی آبادی بہت زیادہ بڑھ جانے کی وجہ سے بیروزگاری میں بھی اضافہ ہو جاتا ہے۔ کیونکہ لوگوں کی تعداد کے مقابلے میں ملازمتیں دستیاب نہیں ہوتیں۔ اس کے نتیجے میں کچھ لوگ اپنے اہل خانہ کی بنیادی ضروریات کو پوا ر کرنے کے لیے چوری اور دوسرے جرائم کا راستہ اپناتے ہیں جس کی وجہ سے معاشرتی برائیوں میں اضافہ ہو جاتا ہے۔

© UCLES 2019

https://xtremepape.rs/

# سیکشن 2

**عبارت 2** کو پڑھیے اور امتحانی پرچے پر **سوالات 4** اور **5** کے جوابات دیں۔

**عبارت 2**

اقتصادیات کے ماہرین کے مطابق آبادی میں اضافے سے دنیا کو بہت فائدہ پہنچ سکتا ہے۔ نوبل انعام یافتہ ماہر معاشیات گیری بیکر کی رائے میں اس کی وجہ سے آمدنی میں اضافہ ہوتا ہے۔ ایک بڑی آبادی کا مطلب یہ ہے کہ صارفین کی تعداد بڑھ جاتی ہے اور دنیا کی بڑی بڑی کمپنیوں کے لیے ایسے ممالک میں سرمایہ کاری کے مواقع بھی بڑھ جاتے ہیں۔

آبادی میں اضافے کی وجہ سے لوگ ہجرت کی طرف مائل ہوتے ہیں اس طرح انہیں ایک دوسرے کی تہذیب و تمدن کو سمجھنے کا موقع ملتا ہے۔ آپس کے تعلقات میں بہتری آتی ہے اور یہ بات یقیناً کسی بھی ملک کی سماجی اور لسانی ترقی میں مددگار ثابت ہوتی ہے۔

کچھ لوگ آبادی میں اضافے کو وسائل میں کمی کا ذمہ دار ٹھہراتے ہیں حالانکہ حقیقت اس سے بالکل مختلف ہے۔ اس کی وجہ سے نہ صرف یہ کہ غذائی پیداوار میں اضافہ ہوتا ہے بلکہ زندگی کی دوسری سہولتیں اور زیادہ لوگوں کے لیے دستیاب ہو جاتی ہیں۔ صاف ظاہر ہے کہ جب زیادہ لوگ مل کر کام کریں گے تو ترقی کے امکانات اور روشن ہو جائیں گے۔

مثل مشہور ہے "ضرورت ایجاد کی ماں ہے"۔ تاریخ گواہ ہے کہ اپنی زندگی کو آرام دہ بنانے کے لیے اور اپنی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے انسان ہمیشہ کوشش کرتا رہتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ سائنس اور ٹیکنالوجی میں ترقی کا عمل جاری رہنے سے نئی نئی ایجادات سامنے آتی رہتی ہیں۔

دنیا میں پانی کی تقسیم ایک ایسا مسئلہ نہیں ہے جو ملکوں کے درمیان تنازعات کا باعث ہو۔ اور یہ حقیقت ہے کہ دنیا میں اب تک کوئی بھی جنگ پانی کی وجہ سے نہیں لڑی گئی ہے۔ ویسے بھی سائنس نے سمندری پانی کو قابل استعمال بنانے کا طریقہ دریافت کر لیا ہے۔ اس لیے یہ کہنا غلط ہو گا کہ آبادی میں اضافے کی وجہ سے پانی کے مسائل پیدا ہو جائیں گے۔

آج کل دنیا میں سب سے تیز رفتار ترقی کرنے والی معیشت کے حوالے سے جن دو ممالک کا نام سرفہرست ہے وہ آبادی کے لحاظ سے بھی سرفہرست ہیں۔ یہ بات بھی غور طلب ہے کہ دنیا کی سب سے زیادہ آبادی والے ملک چین کو بھی اپنی ایک بچے کی پابندی والی پالیسی پر نظر ثانی کرنی پڑی۔ اس لیے کہ اس بات کا خطرہ پیدا ہو گیا تھا کہ مستقبل میں چین کے کارخانوں میں کام کرنے والے نوجوانوں میں کمی آجائے گی۔ اور کوئی بھی ملک اپنی صنعتی اور معاشی ترقی کے لیے صرف ضعیف العمر افراد پر انحصار نہیں کر سکتا۔

© UCLES 2019

https://xtremepape.rs/

**BLANK PAGE**

Permission to reproduce items where third-party owned material protected by copyright is included has been sought and cleared where possible. Every reasonable effort has been made by the publisher (UCLES) to trace copyright holders, but if any items requiring clearance have unwittingly been included, the publisher will be pleased to make amends at the earliest possible opportunity.

To avoid the issue of disclosure of answer-related information to candidates, all copyright acknowledgements are reproduced online in the Cambridge Assessment International Education Copyright Acknowledgements Booklet. This is produced for each series of examinations and is freely available to download at www.cambridgeinternational.org after the live examination series.

Cambridge Assessment International Education is part of the Cambridge Assessment Group. Cambridge Assessment is the brand name of the University of Cambridge Local Examinations Syndicate (UCLES), which itself is a department of the University of Cambridge.



https://xtremepape.rs/